ضمیمہB (1)- کنزیومر فینسنگ کیمپینز کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات

1. کیا ان کیمپینون میں شامل ہونے کے لیے HBL اکاؤنٹ ہونا ضروری ہے؟

جی ہاں۔ ان کیمپینز میں شامل ہونے کے لیے HBL اکاؤنٹ ہونا ضروری ہے۔

2. کیمپینون کی تاریخ/ مدت کیا ہے؟

HBLPSL رجسٹر، ٹرانزیکٹ اینڈ وِن اور ٹرانزیکٹ اینڈ وِن دونوں کیمپینین کی مدت 21 فروری 2024 سے 18 مارچ 2024 تک ہوگی۔

3. کیا یہ کیمپینین مخصوص شہروں کے لیے ہیں؟

نہیں، یہ کیمپینین پاکستان بھر میں HBL موبائل/ انٹرنیٹ بینکنگ صارفین کے لیے دستیاب ہیں۔

4. مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میں قرعہ اندازی میں شامل ہونے کا اہل ہوں؟

مقابلے میں شامل ہونے کے لیے کسی درخواست کی ضرورت نہیں۔ اگر آپ معیار پر پورے اترے تو آپ ازخود قرعہ اندازی میں شامل ہو کر دلچسپ HBLPSL انعامات جیتنے کا موقع حاصل کرنے کے اہل قرار پائیں گے۔

5. میں HBL موبائل سے کیسے انعام جیتنے کا موقع حاصل کرسکتا ہوں؟

’’رجسٹر، ٹرانزیکٹ اینڈ وِن‘‘ کی قرعہ اندازی میں شامل ہونے کے لیے اہلیت کا معیار‘‘:

کیمپین کے دوران جو صارف HBL موبائل ایپ پر رجسٹر کریں گے انہیں اس کے ساتھ موبائل ایپ/ انٹرنیٹ بینکنگ پر دواہل* فنانشل ٹرانزیکشنز کرنی ہوں گی۔ جس سے وہ قرعہ اندازی میں شامل ہو جائیں گے اور ان کے نام HBLPSL اسپیشل گفٹ ہیمپر جیتنے والے خوش نصیبوں میں شامل ہو جائیں گے۔

ایسے کسٹمر جو صرف HBL کا کریڈٹ کارڈ رکھتے ہیں وہ اس کیمپین کے اہل نہیں ہوں گے۔

* فنڈز ٹرانسفر (HBL سے HBL، اپنے اکاؤنٹ میں یا IBFT) کے علاوہ HBL انٹرنیٹ بینکنگ یا HBL موبائل کے ذریعے کی جانے والی تمام فنانشل (رقم) ٹرانزیکشنز اہل ہوں گی۔

''ٹرانزیکٹ اینڈ وِن'' کی قرعہ اندازی میں شامل ہونے کے لیے اہلیت کا معیار'':

موجودہ HBL موبائل اور انٹرنیٹ بینکنگ صارفین کو کیمپین کی مدت کے دوران کوئی بھی 3 مختلف فنانشل ٹرانزیکشنز کرنی ہوں گی۔ جس سے وہ قرعہ اندازی میں شامل ہو جائیں گے اور ان کے نام HBLPSL اسپیشل گفٹ ہیمپر جیتنے والے خوش نصیبوں میں شامل ہو جائیں گے۔

ایسے کسٹمر جو صرف HBL کا کریڈٹ کارڈ رکھتے ہیں وہ اس کیمپین کے اہل نہیں ہوں گے۔

6. ان کیمپینوں کے انعامات کب دیے جائیں گے؟

قرعہ اندازی کے ذریعے منتخب ہونے والے فاتحین سے HBLPSL9 کے اختتام کے دوسرے ہفتے میں رابطہ کیا جائے گا۔ تمام کارروائی کے بعد اپریل 2024 میں انعامات فاتحین کو بھیج دیے جائیں گے۔ ایسے عناصر جن پر HBL کا اختیار نہیں یا وینڈر کی جانب سے ڈلیوری میں تاخیر کی وجہ سے انعامات ملنے کے وقت میں فرق آ سکتا ہے۔

7. ایک شخص کتنی بار انعام جیت سکتا ہے؟

کسٹمر ان تمام کیمپینوں کے دورانیے میں صرف ایک بار انعام وصول کرنے کے اہل ہوں گا۔

8. مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میں نے انعام جیتا ہے؟

یا

انعام جیتنے والوں کی لسٹ کا اعلان کہاں کیا جائے گا؟

HBL رجسٹر، ٹرانزیکٹ اینڈ وِن اور ٹرانزیکٹ اینڈ وِن کیمپینوں کے فاتحین کا اعلان HBL کے آفیشل سوشل میڈیا چینل پر کیا جائے گا۔

9. کیا میں اپنا انعام تبدیل یا منتقل کرسکتا ہوں؟

جیتا ہوا انعام ریفنڈ نہیں ہوسکے گا، نہ ہی گزارش پر تبدیل ہوسکے گا اور نہ ہی اس کے بدلے رقم دی جائے گی۔ اس کے علاوہ انعام کسی کو بھی منتقل نہیں کیا جاسکے گا۔ اصل حقدار کے علاوہ کوئی بھی ان کی جگہ انعام وصول نہیں کرسکے گا۔

10. مجھے اپنا نام سوشل میڈیا پر دی گئی فاتحین کی فہرست میں نظر آیا مگر مجھ سے اب تک انعام کے لیے رابطہ نہیں کیا گیا۔ کیوں؟

فاتحین کا انتخاب CNIC کی بنیاد پر کی گئی قرعہ اندازی کے ذریعے کیا گیا اور درست شخص سے HBL اکاؤنٹ میں دیے گئے رجسٹرڈ فون نمبر پر رابطہ کیا گیا۔ کئی لوگ ہم نام ہوتے ہیں لہٰذا یہ سمجھنا چاہیے کہ آپ کا اور فاتح کا نام ایک جیسا ہونا ایک اتفاق ہوسکتا ہے۔

11. میں فاتحین میں سے ایک ہوں۔ میں اپنا انعام کیسے حاصل کروں گا؟

فاتحین کا اعلان HBL کے سوشل میڈیا پیجز پر کیا جائے گا اور فون بینکنگ کے ذریعے ان کے پتے کی تصدیق کے بعد انہیں انعامات بھیجے جائیں گے۔

12. میں نے کسی انعام کے لیے اپلائی نہیں کیا۔ یہ پروموشن کس حوالے سے ہے؟

پروموشن کے بارے میں معلومات کے لیے رابطہ کیجیے: www.hbl.com/hblpsl